شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون:042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

19 اکتوبر 2023

پریس ریلیز

عالم اسلام مسجد اقصیٰ کی پکار پر لبیک کہے۔

غزہ میں ہسپتال پر وحشیانہ بمباری نے صیہونیوں کی انسان دشمنی کو بے نقاب کر دیا ہے۔

انسانی حقوق کی تنظیمیں اور میڈیا حقائق کو دنیا کے سامنے لاتے ہوئے اسرائیل کے مکروہ چہرہ کو بے نقاب کریں۔

فلسطین کا دفاع مذمتی بیانات سے نہیں بلکہ عملی اقدامات سے ہوگا۔ (شجاع الدین شیخ)

"فلسطین میں جاری اسرائیلی جارحیت اور مسئلہ افغانستان" (تنظیم اسلامی کے زیر اہتمام مظاہرہ)

لاہور(پ ر): تنظیم اسلامی کے زیر اہتمام " فلسطین میں جاری اسرائیلی جارحیت اور مسئلہ افغانستان" کے عنوان سے 19 اکتوبر 2023ء کو پریس کلب، شملہ پہاڑی لاہور کے سامنے ایک مظاہرہ کا انعقاد کیا گیا۔ مظاہرہ سے خطاب کرتے ہوئے تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے کہا کہ عالم اسلام مسجد اقصیٰ کی پکار پر لبیک کہے۔ غزہ میں ہسپتال پر وحشیانہ بمباری نے صیہونیوں کی انسان دشمنی کو بے نقاب کر دیا ہے۔ فلسطین کے نہتے عوام پر غاصب صیہونی ریاست کے مظالم در حقیقت مسجد اقصیٰ کو شہید کرنے اور گریٹر اسرائیل کے قیام کی مذموم کوشش ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ گزشتہ دس دنوں کے دوران ناجائز صیہونی ریاست کا چھوٹا بڑا ہر سیاسی و عسکری عہدیدار اور صیہونی آباد کار اس بات کا کھلے عام اظہار کر رہے ہیں کہ اُن کا مقصد فلسطینی مسلمانوں کی مکمل نسل کشی کرنا ہے۔ مغربی ممالک کی حکومتیں اور میڈیا بھی اسرائیل کے جنگی جرائم کو مکمل تحفظ دے رہے ہیں اور دہشت گرد اسرائیل کو مظلوم کے طور پر پیش کیا جا رہا ہے بلکہ فلسطینی مسلمانوں کی نسل کشی میں صیہونی ریاست کی ہر طریقے سے مدد کی جا رہی ہے۔ امریکی صدر کا دورۂ اسرائیل بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ ایک سوچے سمجھے منصوبہ کے تحت غزہ کے ہسپتالوں اور گنجان رہائشی علاقوں کو نشانہ بنایا جا رہا ہے تاکہ فلسطینی مسلمانوں کا زیادہ سے زیادہ جانی و مالی نقصان ہو۔ مغربی کنارے میں بھی صیہونی فوج اور آباد کار فلسطینی مسلمانوں کو بے دریغ شہید کر رہے ہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ روس کی جانب سے پیش کردہ جنگ بندی کی قرارداد کو امریکہ اور برطانیہ نے ویٹو کر کے ثابت کر دیا ہے کہ عالمِ کفر کی غالب اکثریت فلسطینیوں کی نسل کشی میں اسرائیل کے ساتھ کھڑی ہے۔ لہٰذا فلسطین کی سرزمین اور وہاں بسنے والے مسلمانوں کا دفاع اور اُن کی عملی مدد، دنیا بھر کے مسلمانوں کی اجتماعی ذمہ داری ہے۔ تنظیم اسلامی کے امیر نے کہا کہ اِن حالات میں میڈیا کی بھی ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ حقائق کو کماحقہ دنیا کے سامنے لائے اور ارضِ فلسطین پر ہونے ہوئے مظالم سے دنیا کو آگاہ کرنے میں بھرپور کردار ادا کرے۔ حکومتِ پاکستان کا دینی، ملی اور قومی فریضہ ہے کہ جس طرح 1973ء کی عرب اسرائیل جنگ میں غاصب صیہونی ریاست کے خلاف عربوں کی مدد کی تھی آج اُسی طرح اپنے فلسطینی بھائیوں کی اس نازک وقت میں نہ صرف مکمل اخلاقی، سفارتی اور مالی بلکہ عسکری مدد کے لیے میدان میں اترے۔ اُنہوں نے عوام الناس سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ وہ اپنے فلسطینی بھائیوں کی بھرپور مالی مدد کریں اور اُنہیں ہر دم اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔

جاری کردہ

رضاالحق

نائب ناظم شعبہ نشرواشاعت تنظیم اسلامی پاکستان